محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخر اعظم! تہ کښېنه۔ محمد علی شاہ And then شاہ فرمان۔ محمد علی شاہ، محمد علی شاہ، پلیز مائیک آن کریں۔ محمد علی شاہ کا مائیک آن کر دیں، پلیز۔

جناب فخر اعظم وزیر: تہ منسټر ئې، زہ اپوزیشن ممبر یم، زہ بہ راځم، تہ بہ ما تہ ریلیف راکوې، It's your duty, you have to do، تہ بہ کوې زما کار، زہ بہ در نہ ریلیف غواړم، دا بہ راکوې او چې نشې راکولې نو صفا اووایہ چې سوری، بیا بہ مونږ لاړ شو۔

سینیئر وزیر(صحت): درکوم درلہ کنہ، پرابلم څہ دے ؟

جناب فخر اعظم وزیر: زما پلار الحمد للہ منسټر وو، ګټلې ئے وہ او راغلے وو، کار ئے کړے وو، د خلقو خدمت ئے کړے وو، دا څہ خبرہ شوہ ؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: محمد علی شاہ کا مائیک آن کر دیں پلیز، محمد علی شاہ باچا۔ شہرام! تہ پلیز کښېنہ۔ محمد علی شاہ باچا۔

سید محمد علی شاہ: میډم! ستاسو شکریہ ھم ادا کوم۔ دلتہ چې مونږ راځو دې اسمبلئ کښې دا ټول مونږ اپوزیشن ایم پی ایز یو، Colleagues یو، وروڼہ یو، ھغوی ھلتہ ګورنمنټ دے، مونږ اپوزیشن یو، مونږ بہ خپلې مسئلې دې اسمبلئ کښې بہ پیش کوؤ، خپلې مسئلې بہ ھم دې اسمبلئې کښې وړاندې کوؤ چې یرہ زمونږ پہ حلقہ کښې دا مسئلہ دہ خو کم از کم داسې پرسنل اټیک یا پہ والد صاحب باندې

یا په دغه باندې نو کم از کم دا مناسب نه ده، نو زما منسټر صاحب ته دا ریکویسټ دے چې اوس زه خپله مسئله ګورنمنټ ته نه دغه کوم نو هغه به خو هم دا فلور دے کنه جی، چې په دې فلور ئے زه نه پیش کوم، زه به خپل عوامو له څه جواب ورکوم؟ نو دومره پرسنل اټیک نه دے پکار، په تسلئ باندې په قلاره باندې پکار دے چې مونږ له جواب را کړی، میډم سپیکر صاحبه۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے۔ نگہت بی بی، ون منٹ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: میڈم سپیکر! یہاں پہ ظاہر ہے کہ پی ٹی آئی، ظاہر ہے ان لوگوں نے تو پی ٹی آئی میں اپنی پارٹی ضم کر دی ہے اور پھر اس کے علاوہ جماعت اسلامی ہے، میڈم سپیکر صاحبہ! یہاں پہ یہ بات کرنی کسی ایکس منسٹر کے بارے میں کہ اس نے بھرتیاں کی ہیں تو میں آپ کے توسط سے، تمام منسٹروں سے، میں ان تمام منسٹروں کی فائلیں نکلوالوں اور نکل آئیں گی، دو سال کے بعد نکل آئیں گی کہ کتنی ہزاروں بھرتیاں ہوئی ہیں اور آ رہی ہیں، نیب اور احتساب میں آ رہی ہیں اور اخبارات میں بھی آ رہی ہیں، پھر کوئی بھی اگر یہ کہے کہ آپ کے باپ نے منسٹری میں اتنے لوگ بھرتی کروائے ہیں اور آپ کا باپ یہاں پر، اتناRudely جواب دینا کسی منسٹر کیلئے میڈم سپیکر! ہم آپ سے توقع کرتے ہیں کہ اگر کوئی منسٹر اس طریقے سے جواب دے تو پلیز آپ اس کا مائیک بند کر دیں جس طرح آپ ہمارا مائیک بند کر دیتی ہیں، تو آپ جو ہے اس کو ادھر ہی روک دیا کریں کہ یہ۔۔۔۔

Madam Deputy Speaker: Okay. Shah Farman, Shah Farman, is it related to this?Please اس کے باہر نہیں جانا۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): یس، ایک تو میڈم سپیکر! اس سوال کے دو پورشنز تھے، ایک تو ہیلتھ کے حوالے سے اور ایک بابک صاحب نے بات کی چوہوں کے حوالے سے بھی جو کہ پبلک ہیلتھ اور ڈبلیو ایس ایس پی سے Related ہے، میں اس پہ بھی بات کرنا چاہتا ہوں۔ جو یہاں پر میڈم سپیکر! ایک مسئلہ ہے، وہ یہ ہے کہ اگر کوئی ڈیپارٹمنٹ کام کر رہا ہے تو اس کام کو Appreciate کرکے اور مانا جائے کہ یہ بات اس طرح ہے کہ یہاں یہاں یہ کمی ہے، اگر سوال کے اندر کوئی اس طرح کی بات ہو کہ آگے سے بندے کو ویسے ہی Feel ہو جائے کہ اس کا کام کرنے سے زیادہ میری اوپر بات ڈالنے کی ہے لیکن محمد علی شاہ باچا نے بڑی صحیح بات کی ہے، بالکل یہ صحیح ہے کہ اپوزیشن والے بلکہ گورنمنٹ کے ایم پی ایز بھی ایشوز

اٹھاتے ہیں، اگر وہ مطمئن نہیں ہیں اور منسٹر کنسرنڈ کا فرض بنتا ہے کہ وہ جواب دیں گے، To the point دیں گے، Unfortunately ماحول اگر خراب ہو جائے تو اچھا نہیں لگتا۔ جو دوسرا اپوزیشن بابک صاحب نے اٹھایا تو میں یہ بتادوں کہ واقعی یہ چوہوں کا مسئلہ Serious ہے کیونکہ پچھلے پچیس دن کے اندر صرف ایل آر ایچ کے اندر کوئی 374 کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں جس میں چوہوں نے بچوں کو اور خواتین کو کاٹا ہے۔ چونکہ ویکسین Available ہے تو اس لحاظ سے کوئی Death toll نہیں ہے لیکن It's a serious case، ہم نے جس کی Analysis کی ہے میڈم سپیکر! دو چیزیں ہیں، ایک تو ڈبلیو ایس ایس پی نے جو سیوریج سسٹم کی Renovation کی کوشش کی اور اس کے اندر چھیڑا گیا تو یہ سارے چوہے ڈسٹرب ہو گئے، دوسرا، جو پچھلے ساٹھ سال سے یہاں پر پشاور کے اندر Encroachment تھی، جب اس Encroachment کو ہٹایا گیا لیکن میں یہ کہہ دوں تو ان چوہوں کی Age معلوم کی جائے تو یہ آٹھ نو سال کے چوہے ہیں (قہقہے) یہ کوئی بچے نہیں ہیں، یہ بڑے پرانے چوہے ہیں (قہقہے) اور اس میں ہماری کوئی وہ نہیں ہے، صرف، صرف میں یہ کہتا ہوں (قہقہہ) میں یہ کہتا ہوں کہ یار! ہماری تو ذمہ داری ہے، ہم نے Encroachment ہٹائی ہے، ہم نے سیوریج سسٹم کے اندر کام شروع کیا اور یہ چوہے باہر نکل آئے لیکن اگر یہ پچھلی گورنمنٹ کے اندر ان کو مار دیتے تو شاید یہ اتنا بڑا مسئلہ نہ ہوتا، بہرحال ہم اپوزیشن سے یہ ریکویسٹ کرتے ہیں۔۔۔۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Thank you, Shah Farman. Next, Mr. Muhammad Reshad Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 797. Fakhr-e-Azam is, he is satisfied, I think.

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: چوہوں کی عمر بتانی چاہیئے، جو طبعی عمر ہے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: اوکے۔ ہیلتھ منسٹر صاحب، ہیلتھ منسٹر کا مائیک آن کر دیں۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: شکریہ جی۔ بھائی ہیں میرے، میرے دوست ہیں اور سالوں سے ایک اچھی ہماری وہ ہے، اس طرح کی کوئی بات نہیں ہے، تھوڑی سی Misunderstanding حالانکہ سوال کئے اور میں نے جواب بھی دیا، تو اس طرح کی کوئی بات نہیں ہے، یہ بھی محترم ہیں، ان کے باقی جو ہمارے جتنے Colleagues ہیں یا ہم سے پہلے جو آئے ہیں یا بعد میں جو بھی آئیں گے، سارے محترم ہیں اور ان کا مسئلہ میں نے نوٹ بھی کیا ہے، چونکہ تھوڑی سی وہ ہو گئی ہے، اس کیلئے میں معذرت خواہ ہوں کہ ان کو کوئی گلہ

شکوہ نہ ہو (تالیاں) اور ان کے جو مسائل ہیں، وہ میں نے دیکھے بھی ہیں، ان کو ہم حل بھی کر رہے ہیں، ان کو پھر بھی اگر کوئی شکایت ہو گی، میں ان کے ساتھ بیٹھ جاؤں گا اور ان کے جو مسائل ہیں Priority پہ ہم اس کو ان شاءاللہ ہم Settle down کریں گے کیونکہ Health facilities میں سروسز Provide کرنا، وہ ہماری Responsibility ہے اور ممبرز آف پارلیمنٹ جو ہیں، ایشو Raise کرنا، وہ ان کا Right ہے تو میرے دوست ہیں، میرے بھائی ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Mr. Reshad Khan, to please move his call attention No. 797.

جناب محمد رشاد خان: مہربانی۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں جناب وزیر برائے محکمہ امداد بحالی و آباد کاری کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ حالیہ بارشوں میں ضلع شانگلہ بری طرح متاثر ہوا ہے، اس میں انیس افراد لقمہ اجل بن گئے، سینکڑوں افراد شدید زخمی ہوئے اور ان کے گھر بار بھی تباہ ہو چکے ہیں، سکولز، مساجد، مدارس، روڈز اور آبنوشی کی سکیمیں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں، آمد و رفت کے نظام کو شدید نقصان پہنچا ہے، ایک مہینہ گزرنے کے باوجود حالات جوں کے توں ہیں، ضلع شانگلہ کو آفت زدہ قرار دیا جا چکا ہے۔

(اس مرحلہ پر جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)} جناب محمود خان سے بغلگیر ہوئے جس پر اراکین اسمبلی نے تالیاں بجائیں)

جناب محمد رشاد خان: مگر افسوس کہ تاحال بحالی کیلئے عملی اقدامات نہیں اٹھائے گئے، لہذا ہنگامی حالات میں ہنگامی اقدامات اٹھائے جائیں۔

میڈم سپیکر! آپ کی اجازت سے میں دو تین منٹ اس پہ بات کرنا چاہوں گا۔ جیسے کہ نوٹس سے ظاہر ہے کہ گزشتہ ماہ کے پہلے ہفتے میں ہونے والی بارشوں کے نتیجے میں آنے والے سیلاب نے ضلع شانگلہ کو بری طرح سے متاثر کیا، گھر بار، مساجد، مدارس سب کچھ پانی میں بہہ گیا، سکولز جو ہمارے، جو روڈز کا نظام ہے، جو آبنوشی کی سکیمیں ہیں، وہ مکمل طور پر تباہ ہو گئیں، Suspension bridges جو ہیں وہاں پر، وہ تقریباً سب تباہ ہو چکے ہیں اور اس دوران وزیر اعلیٰ صاحب نے شانگلہ آنے کا دورہ کیا، بدقسمتی سے وہاں پر بعد میں ہمیں بتایا گیا کہ ہیلی پیڈ مناسب نہیں بنا تھا جس کی وجہ سے وہ شانگلہ کا دورہ نہ کر سکے لیکن اسی ٹائم

ہمیں پتہ چلا کہ شانگلہ میں لینڈنگ نہ کرنے کے بعد وہ صوابی میں مرغز میں جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں تو میڈم سپیکر! اس کے بعد سپیکر صاحب، آئے اسد قیصر صاحب، اگلے دن اور انہوں نے سی ایم صاحب کے Behalf پر شانگلہ کا دورہ کیا، وہاں پر میں نے اور ڈپٹی کمشنر صاحب نے ان کو بریفنگ دی جو ساری صورتحال ان کے سامنے لائی گئی، چار پانچ، چھ چیزیں جو موٹی چیزیں ہیں، ان پہ ڈسکشن ہوئی اور وہ ہم نے سپیکر صاحب کے سامنے۔۔۔۔۔

(اذان)

جناب محمد رشاد خان: سپیکر صاحب کے سامنے پانچ چھ چیزیں جو ہیں، ان پر بعد میں ان کو بتایا گیا کہ ابھی گزشتہ دنوں یہاں پہ اورکزئی ایجنسی میں مئی میں ایک واقعہ ہوا تھا جس میں سینکڑوں جانیں گئیں شانگلہ کی تو وہ وہاں کے لوگ اس صدمے سے ابھی باہر نہیں آئے تھے اور 2015ء میں جو زلزلہ آیا تھا، اس کے متاثرین کی آہ و پکار اور ان کی جو جو مشکلات ہیں، ان کا ازالہ تاحال نہیں کیا گیا تھا، اس دوران ایک نئی آفت آگئی، تو سب سے پہلے ہم نے ان سے کہا کہ جو زخمی ہیں، وہ گھر جو ہیں جن کی نشاندہی ہو چکی ہے کہ یہ Damage ہیں، یہ تباہ ہو چکے ہیں، ان کو معاوضہ دیا جائے، زخمیوں کو معاوضہ دیا جائے لیکن ایک مہینہ گزرنے کے باوجود ابھی تک نہ کسی گھر کو معاوضہ دیا گیا ہے، نہ کسی زخمی کی شنوائی کی گئی ہے حالانکہ وہ دربدر ٹھوکریں کھا رہے ہیں، ہسپتالوں میں زخمی سینکڑوں کی تعداد میں ہیں، ایک مہینہ گزر چکا ہے میڈم سپیکر! ابھی تک ایک روپیہ بھی یہاں سے وہاں ٹرانسفر نہیں ہوا۔ دوسری چیز، وہاں پہ جو روڈز کا نظام ہے، مکمل طور پر مین روڈ، لنک روڈز، مین روڈ بحال ہو چکا ہے اور لنک روڈز جو ہیں، وہ سارے تاحال بند ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: امتیاز قریشی صاحب! آپ یہ سنیں، ابھی آپ نے جواب دینا ہو گا۔

جناب محمد رشاد خان: آبنوشی کی جو سکیمیں تھیں، ان کی ریکویسٹ کی گئی تھی اور سپیکر صاحب نے اس کو مانا بھی کہ فی الفور ان کی بحالی کا کام شروع کیا جائے اور ابھی تک وہاں پر ایک بھی آبنوشی سکیم بحال نہیں ہوئی اور جو صاف پانی کیلئے لوگ جو ترس رہے ہیں اور روڈوں کا یہ جو نظام ہے اسی طریقے سے تو یہ انہوں نے وہاں پہ ہمیں ایک تسلی دی، وہاں پر ہمارے ایک معاون خصوصی پشاور سے ہمارے ایم پی اے ہیں، وہ بھی وہاں پر موجود تھے جنہوں نے ڈی سی صاحب کو کہا کہ آپ ریلیف کا کام شروع کریں تو میں نے کہا کہ آپ

زبانی احکامات نہ دیں، یہ کونسا طریقہ ہے؟ آپ زبانی احکامات دے دیتے ہیں اور انہی احکامات کے نتیجے میں وہاں پرڈی سی صاحب نے ریلیف کا جو فنڈ تھا، اس سے بھی پیسے لگائے۔ پھر ان کے خلاف بھی وہ پتہ نہیں کیا ہو رہا ہے، وہ پریشان ہیں کہ میں کیا کروں؟ تو میڈم سپیکر! اس کے ساتھ ساتھ سپیکر صاحب نے فضائی دورہ بھی کیا، گراؤنڈ میں گئے، انہوں نے حالات سارے دیکھے، ہم نے ان سے ریکویسٹ کی کہ روڈز میں، ہمیں آبنوشی میں، ہمیں ایریگیشن میں، ہمیں لوکل گورنمنٹ میں، ہمیں ایک پیکیج چاہیئے، پیکیج کے اعلانات چاہئیں۔ انہوں نے شانگلہ کو آفت زدہ قرار دینے کا اعلان کیا اور ابھی بھی شانگلہ آفت زدہ ڈیکلیئر ہو چکا ہے، وہاں پر انہوں نے سی ایم صاحب کے Behalf پہ کہا۔۔۔۔۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Reshad Khan, I think----

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: میڈم! میں تھوڑی سی بات، کیونکہ وہاں پر لوگ ہم سے پوچھ رہے ہیں، ابھی تک لوگوں کے روڈز بند ہیں، لوگ پیدل جا رہے ہیں، زخمیوں کے ساتھ کیا کریں، پانی کی سکیموں کے ساتھ کیا کریں؟ آمد ورفت سب کچھ، تو مجھے دو منٹ کیلئے کہنے دیں اور ان شاء اللہ یہاں سے اس مسئلے کا حل نکلنا چاہیئے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: خیر ہے، آپ ایڈجرنمنٹ موشن لا سکتے ہیں نا اس پہ۔

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: میڈم! ایک منٹ، تو میڈم! 1122 کے قیام کا اعلان وہاں پہ ہوا، ہم نے ریکویسٹ کی، میڈم! ایک اہم چیز جو ہے جو 2015 کے زلزلے میں بھی اس ایوان میں میں کہہ چکا ہوں اور سی ایم صاحب سے بھی میری بات ہوئی تھی زبانی کہ پی ڈی ایم اے کا کردار کیا ہے؟ اس کا کردار ہمیں سمجھ نہیں آ رہا ہے میڈم! کہ مطلب یہ کونسے Disaster کی مینجمنٹ کرتے ہیں اور کریں گے؟ 2015 کے متاثرین تو ابھی تک در بدر ہیں، حکومت کے پاس ان زلزلہ متاثرین کا حل نہیں ہے۔ سیلاب میں لوگ جو ہیں، ان کے ساتھ جو حالتیں ہو رہی ہیں، پی ڈی ایم اے کہہ رہا ہے کہ ہم ٹھیک کام کر رہے ہیں، ان کا کام کیا ہے؟ اگر ان کیلئے کوئی مسئلہ ہے، ریلیف آئٹمز پر جو ہے، ریلیف فنڈ سے، یہ کوئی قدغن نہیں لگانی چاہیئے، وہ ڈی سی صاحب کو چھوڑ دیں، وہاں پہ جو انتظامیہ ہے، ان پہ چھوڑ دینا چاہیئے کہ ان پیسوں کو کہاں پہ خرچ کرے؟ وہ بھیج دیتے ہیں، بالٹیاں بھیج دیتے ہیں، وہاں پہ روڈز بند ہیں، روڈز کیسے کھولیں؟ وہاں ہمیں تولیہ بھیج دیتے ہیں، ٹینٹ بھیج دیتے ہیں، وہاں پہ ہمیں پانی کی سکیموں کو بحال کرنا ہے، تو اس بارے میں ہماری بات ہوئی

تھی وہاں پہ اور ہمیں بتایا گیا تھا کہ یہ ایک دو دن میں ہو جائے گا لیکن تاحال ابھی تک اس میں نہ کوئی بات کی گئی، نہ کوئی مسئلے کا حل نکالا گیا، تو میری میڈم! آپ سے یہ درخواست ہے بلکہ میں حکومت کے نوٹس میں یہ لاؤں گا کہ فی الفور، مطلب ہے آج کل اس کا فیصلہ ہونا چاہیئے کہ یہاں سے بات کرنے پر کل وہاں پہ جو ہے معاوضے کا سلسلہ بھی شروع ہونا چاہیئے، جہاں پہ یہ چیزیں بند ہیں ان کو کھولنا چاہیئے اور ایک میٹنگ ہونی چاہیئے جس میں سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو، پی ڈی ایم اے، اریگیشن اور پبلک ہیلتھ کے سیکرٹریز بیٹھے ہوں، سی ایم صاحب ہوں، ہماری ضلعی انتظامیہ کو بلایا جائے، آفت زدہ ضلع ہے، ہنگامی حالات ہیں تو ہنگامی اقدامات کی ضرورت ہے، تو چاہیئے کہ ضلعی انتظامیہ کو پشاور بلایا جائے اور یہاں پہ جو سیکرٹری صاحبان ہیں، سی ایم صاحب ان سے میٹنگ کریں اور ہمیں اس مسئلے کا حل نکالا جائے اور میڈم! اس پر باقاعدہ بحث کی ضرورت ہے کیونکہ کوہستان میں بھی وہاں پہ جو ہوا اور وہ سلائیڈ آئی، میرے خیال میں بیس سے لیکر تیس پینتیس تک لاشیں ابھی تک ملبے تلے دبی ہوئی ہیں، ایک مہینہ گزر چکا ہے اور اس ملبے کو وہ قبریں قرار دی گئی ہیں، میڈم! یہ کدھر ہوتا ہے؟ یہ تو ادھر، تو میری درخواست ہے-----

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> رشاد خان بہت Valid ہے آپ کا پوائنٹ، لیکن میرا اپنا خیال ہے کہ آپ ایڈجرنمنٹ موشن لے آئیں لیکن سلیم خان صاحب بھی کچھ اسی سے Related بات کہنا چاہتے ہیں۔

Okay, Saleem Khan, one minute, please نماز

<u>جناب سلیم خان:</u> میڈم سپیکر! مہربانی اس سے Related ہے۔

<u>Madam Deputy Speaker:</u> Okay, thank you.

<u>جناب سلیم خان:</u> میڈم! رشاد خان نے جو بات کی، یہ بالکل Valid point ہے جی، نہ صرف ضلع شانگلہ کا مسئلہ ہے بلکہ پورے صوبے کے اکثر اضلاع کا یہ مسئلہ ہے۔ جب سے یہ بارشوں کا سلسلہ گزشتہ سال سے شروع ہوا ہے، خاص کر ملاکنڈ ڈویژن کے جو اضلاع ہیں، بہت بری طرح متاثر ہو چکے ہیں، پہلے سیلاب سے پھر بعد میں زلزلے سے، اب پھر دوبارہ سیلابوں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے تو اس حوالے سے میڈم! خاص کر میں چترال کی بات کروں گا، چترال کے لوگ بری طرح سے ساری ویلی سے کٹے ہوئے ہیں، مین سٹی سے اور لوگ جو ہیں نا، بالکل ابھی پہنچ نہیں سکتے اور جہاں تک کہ افغان کے لوگ آپ کو پتہ ہو گا میڈم!-----

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک ہے سلیم خان صاحب! نماز کا ٹائم ہو رہا ہے۔

جناب سلیم خان: وہ ہجرت کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں، ہجرت کرنے پر، وہ آپ کے نوٹس میں آیا ہوگا۔ تو میڈم! میری گزارش یہ ہے کہ اس کے اوپر ایک فل ڈیبیٹ ہونی چاہیئے اس ہاؤس کے اندر اور حکومت ہمیں بتائے کہ حکومت کے پاس کیا پالیسی ہے ان علاقوں کی بحالی کیلئے اور ان لوگوں کی بحالی کیلئے حکومت نے ابھی تک کیا کچھ کیا ہے اور آگے کیا کرنا چاہتی ہے؟ تو میری گزارش یہ ہوگی اس کے اوپر کہ ایڈ جرنمنٹ موشن کے طور پر باقاعدہ اس کے اوپر ڈیبیٹ ہونی چاہیئے تاکہ پتہ چلے کہ حکومت کیا کر رہی ہے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہی تو میں کہہ رہی ہوں کہ پلیز ایڈ جرنمنٹ موشن لے آئیں۔

That is my request to you.

جناب سردار حسین: زه جی په دیکښې یو خبره کوم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: که مونږ قضا شو نو .I will not be responsible, yes

جناب سردار حسین: الله لوئې دے که خیری، الله به مونږ معاف کوی ان شاء الله۔ میډم سپیکر! شکریه۔ دا حقیقت دا دے چې دا د ملاکنډ ډویژن چې دا کومه خبره دوئ راپورته کړه، کوهستان کښې بیا چې په یو پوره کلی کښې17 نه واخله غالباً فګرز کښې غلطیږم 25/20 خلق په هغې کښې شهیدان شوا و چې د حکومت د طرف نه هیڅ امداد لا نړو هغه ځائې چې دے هغه اجتماعی قبرا و ګرځولے شو۔ د چترال خبره سلیم خان اوکړه، میډم سپیکر! زه د حکومت په نوټس کښې راوستل غواړم، دا حکومت لږ مصروفه غوندې دے، دا حکومت نن غصه هم ډیر زیات دے نو که لږ مونږ ته متوجه شی نو مهربانی به وی۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شهرام! پلیز، هغوی وائی زما کوئسچن ته لږ غوږ کیږدئ، یس۔

جناب سردار حسین: اؤ جی، ما وئیل چې نن دا حکومت غصه هم دے نو که مونږ ته لږ متوجه شی نو مهربانی به وی۔ دا چترال کښې، چترال کښې خو داسې عجیبه سیچویشن شروع شوے دے چې خلق افغانستان ته، دهمکی ئے ورکړې ده، افغانستان ته ئے هجرت شروع کړے دے او ډیر خاندانونه یو ډیرې لوئې قافلې په شکل کښې دهمکی ملاؤ شوې ده۔ باید چې دا صوبائی حکومت د دې سنجیده مسئلې نوټس واخلی ځکه چې هلته د زلزلې په وجه باندې، بیا د بارانونو په وجه باندې چې کومه تباهی شوې ده هلته، بالکل څه رنګ چې دلته رشاد خان خبره

اوکړه، د شانګلې خبره ئے اوکړه یا هغلته د بحالئ کار چې دے، هغه د نیشت برابر دے، زما دا خیال دے چې دا ډیره زیاته سیریس خبره ده، د چترال دا هم چې هغلته خلقو دهمکی ورکړې ده، قافلې روانې شوې دی او دا دهمکی ئے ورکړې ده چې مونږ احتجاجاً دا ملک پریږدو، دا صوبه پریږدو، افغانستان ته هجرت کوؤ، دا حکومت په نوټس کښې دا خبره راولم چې دې باندې لږ سنجیده غور اوکړی نو مهربانی به وی۔

Madam Deputy Speaker: Law Minister! Please this is really a very complex and complicated issue

د دې څه Solution دغه ورکړئ، جواب ورکړئ What you are going to do?

جناب امتیار شاہد (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ میډم سپیکر! شکریه، زه د ټولو ممبرانو صاحبانو شکریه ادا کوم چې دوئ دا ډیر Serious issue باندې خپل خپل تحفظاتو اظهار اوکړو۔ میڈم! اردو میں بات کروں، میرے خیال میں سب کو سمجھ آئے۔ ضلع شانگلہ میں، اس میں شک نہیں ہے کہ بارشوں کی وجہ سے سڑکوں، سرکاری عمارات، لینڈ سلائیڈ نگ کی وجہ سے کافی نقصان ہوا ہے اور ضلعی انتظامیہ Aligned Departments نے اس وقت بھی فوری اقدامات اٹھانے کا حکم دیا۔ پہلے مرحلے میں تمام سڑکیں آمد ورفت کیلئے ایمرجنسی فنڈز سے کھولنے کیلئے اقدامات کسی حد تک کئے گئے اور تمام آبنوشی کی سکیموں کو ایمرجنسی کی بنیاد پر بحال کیا گیا، محکمہ ریلیف امداد بحالی نے ضلع شانگلہ کیلئے خصوصی پیکیج کے تحت بارشوں سے متاثرہ سڑکوں، پلوں، آبنوشی کا خزانے سے جتنا بھی نقصان ہوا ہے، Round about 537.7 million کی خطیر رقم جاری کرنے کیلئے فنانس کو سمری بھیجی گئی ہے، میں استدعا کرتا ہوں، فنانس منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، اس میں شک نہیں ہے کہ چترال اور ملاکنڈ ڈویژن میں جو نقصان ہوا ہے، میں خود بھی چترال گیا، میں نے ان معصوم لوگوں، بیچارے لوگوں کی حالت دیکھی، مجھے بھی ترس آیا ان پہ، میں ریکویسٹ کرتا ہوں فنانس منسٹر سے کہ یہ رقم فوری طور پر، سمری Already ان کو گئی ہوئی ہے، اگر یہ ریلیز کر دیں تو لوگوں کو ریلیف مل جائے گا اور حکومت پوری طرح اس میں ان شاءاللہ سنجیدہ ہے۔ اس کے علاوہ بھی اگر ڈیٹیل میں جاؤں تو جتنی بھی اموات ہوئی ہیں، سترہ افراد اس میں فوت ہوئے ہیں، زخمیوں کی تعداد اٹھارہ میرے پاس ہے، مکانات تباہ شدہ 58 ہیں اور جزوی تقریباً دس ہیں، یہ ضلع شانگلہ کی میں بات کر رہا ہوں، اس کے علاوہ بھی چترال اور ملاکنڈ ڈویژن

میں کافی نقصان ہوا ہے، امدادی اشیاء ٹینٹ وغیرہ جو دیئے گئے ہیں، مجھے اس کی بھی تھوڑی بہت تفصیل دی گئی ہے، سڑکیں، روڈز، آبنوشی سکیمیں، سکولز مکمل تباہ ہیں اور جزوی تباہ شدہ سکولز بھی بارہ سے چودہ، اسی طرح زنانہ سکولز، صحت کے مراکز اس کا سارا تخمینہ لگا کے 537. Something million جس طرح میں عرض کر چکا ہوں، مجھے امید ہے کہ ان شاءاللہ فنانس منسٹر اس کو Seriously لیں گے۔

Madam Deputy Speaker: Finance Minister, can you answer?

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے خیال میں یہ بڑا Serious issue بھی ہے اور Reservations بھی لوگوں کے ہیں، مشکلات بھی ہیں اور واقعی نقصانات بھی ہو چکے ہیں، میرے خیال میں پی ڈی ایم اے کی طرف سے ایک سمری موؤ ہونی چاہیئے اور اس سمری پہ ان شاءاللہ پھر Work out کریں گے سی ایم صاحب اور اس کو ہم On board لیں گے اور میرے خیال میں اس کے غم درد جو بھی لوگ زلزلے اور اس قسم کے سیلاب اور اس قسم کے مصیبت زدہ اور آفت زدہ علاقے ہیں، اس پہ ان شاءاللہ حکومت پہلے بھی تعاون کر چکی ہے اور انہوں نے ذمہ داری لی بھی ہے اور ہم آئندہ بھی Assure کراتے ہیں کہ ہم Available resources کے مطابق اس کا ضرور مداوا کریں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ رشاد خان کو اور ان کو Confidence میں لے لیں دوسرا جن کا کوئسچن تھا یہ سلیم خان کو، ان دونوں کو Confidence میں لے لیں، آپ دونوں ان کے ساتھ بیٹھ جائیں۔ تھینک یو۔

جناب محمد رشاد خان: ایک منٹ جی، ایک منٹ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹائم، نماز بالکل قضا ہو رہی ہے، رشاد خان کا ایک منٹ کیلئے آن کر دیں، بس۔

جناب محمد رشاد خان: میڈم! ابھی تک ایک بھی آبنوشی کی سکیم بحال نہیں ہوئی، یہاں پر منسٹر صاحب بتا رہے ہیں میرے خیال سے، میرے خیال سے یا تو حکومت جو ہے اس ایوان کو گمراہ کر رہی ہے یا ڈیپارٹمنٹ نے غلط بیانی دی ہے، ابھی تک تو کسی اس پہ کام شروع ہی نہیں ہوا، جہاں تک روڈز کی بات ہے، روڈ جو ہے این ایچ اے نے کھولا ہے، حکومت کی اس پہ Liabilities ہیں، اب وہ پڑی ہیں اپنی جگہ، ایک بھی گھر کو تاحال معاوضہ نہیں دیا گیا، پٹواری صاحبان سروے کرنے سے انکاری ہیں۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر آپ رشاد خان کے ساتھ بیٹھیں گے اور سلیم خان صاحب کے اور ان کی رپورٹ پھر آپ ان کو، فنانس کو دیں گے، پلیز یہ وہ ہے۔ تھینک یو۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا احتساب کمیشن مجریہ 2016 کا متعارف کرایا جانا

Madam Deputy Speaker: Imtiaz Shahid Quraishi Sahib! Please. Item No. 08, Minister for Law on behalf of honourable Chief Minister, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtisab Commission (Amendment) Bill, 2016.

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Madam Speaker, I, on behalf of the Chief Minister, introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtisab Commission (Amendment) Bill, 2016, in the House.

Madam Deputy Speaker: It stands introduced and Waqfa for Namaz. Thank you very much.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد محترمہ ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئیں)

Madam Deputy Speaker: Item No. 9 and 10: Honourable Minister for Health, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Health Foundation Bill, 2016, in the House. Honourable Minister, please.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن مجریہ 2016 کا زیر غور لایا جانا

Senior Minister for Health: Thank you, Madam Speaker. I intend to move that Khyber Pakhtunkhwa, Health Foundation Bill, 2016 may be taken into consideration at once, please.

Madam Deputy Speaker: Those who in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Amendment in Clause 3 of the Bill: Madam Meraj Humayun, MPA, to please move her amendment in sub-clause (1)

of Clause 3 of the Bill. As Meraj Humayun is not present, so the amendment is dropped and the original sub-clause (1) of Clause 3 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill: First amendment is in sub-clause (1) of Clause 4; Meraj Humayun, to please move the amendment in sub-clause (1) of Clause 4 of the Bill. As again she is not present here, so, the amendment is dropped and the original sub-clause (1) of Clause 4 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill, second amendment in sub-clause (4) 'insertion of paragraph (bb): Meraj Humayun, MPA, to please move her amendment for insertion of paragraph (bb) in sub-clause (4) of Clause 4 of the Bill. As she is not present here, so the amendment is dropped and original sub-clause (4) of the Clause 4 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill, third amendment in sub-clause (4), insertion in paragraph (e): Meraj Humayun, MPA, to please move her amendment for insertion of paragraph (e) in sub-section (4) of Clause 4 of the Bill. As she is not present, so the amendment is dropped and original paragraph (e) of the sub-clause (4) of Clause 4 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill, fourth amendment in sub-clause (4), deletion of paragraph (f): Meraj Humayun, MPA, to please move her amendment for deletion of paragraph (f) in sub-clause (4) of Clause 4 of the Bill. As she is not present here, the amendment is dropped and the original paragraph (f) of the sub-clause (4) of Clause 4 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill, fifth amendment in sub-clause (5) of Clause 4.

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: موؤر خو نشته But دې کلاز سره زه Agree کومه جی، ډیپارټمنټ Agree کوی جی دې سره۔

Madam Deputy Speaker: Sorry?

سینیئر وزیر (صحت): دا جی، Sub clause (5) of Clause 4 دا وائی چې:

In Clause 5, after the word "and", the word "who" may be inserted. So, I agree with it. Ji, please.

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. This amendment is adopted and stands part of the Bill, thank you, Shahram Khan. Amendment in Clause 4 of the Bill, sixth amendment in sub-clause (2) of Clause 4: Sobia, MPA, to please move her amendment in sub-clause (2) of Clause, no sorry, I repeat it, to please move her amendment in sub-clause (2) of Clause 4 of the Bill.

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، میڈم سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں گورنمنٹ کو، میڈم! آپ لوگوں کو ایک ریکویسٹ کروں گی کہ یہ ایکٹ جو ہو رہا ہے، اس سے پہلے 2014 میں ایک ایکٹ آچکا ہے، پی پی پی، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ جس میں Already ہیلتھ کیلئے بھی یہ سارا قانون ہیلتھ کیلئے بھی ہے، میڈم! آپ کو تو اس کے بارے میں زیادہ پتہ ہو گا اور یہ ایک ایکٹ بن رہا ہے اس کے مطابق تو اس ایکٹ کو کمیٹی میں جانا چاہیئے کیونکہ میڈم ہمایون بھی نہیں ہیں اور اس کی امنڈ منٹس ہیں اور میری ہیں تو میں سب سے پہلے میڈم سپیکر! ریکویسٹ کروں گی کہ کمیٹی میں چلا جائے یہ بل۔

Madam Deputy Speaker: You mean all the Bill-----

Ms: Sobia Shahid: Yeh, this Act.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ کی امنڈ منٹس تو الگ طور پر، تو

Why you are concerned about-----

Ms. Sobia Shahid: But she is not here.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ کی تو امنڈ منٹس تو اب آرہی ہیں نا۔

Ms. Sobia Shahid: Yes.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تو آپ امنڈ منٹس پڑھیں اپنی۔

Ms: Sobia Shahid: Okay, when, to move that in the Clause 4, in sub-clause (2) the word "not related than two months" the words "shall notify the Board at the earliest" may be substituted.

Madam Deputy Speaker: Yeh, Shahram Khan.

سینئیر وزیر (صحت): میڈم سپیکر! I do not agree with the amendments جو جو ہیں کیونکہ ہم نے ٹائم لائن دی ہوئی ہے اور اسی ٹائم لائن کے اندر ہی یہ اپنی کارروائی کریں اور اپنا بورڈ اور اپنا Managing جو بھی ہے، وہ ٹائم دیں، At the earliest کا مطلب یہ نہیں کہ وہ تین مہینے بھی ہو سکتا ہے، چار مہینے بھی ہو سکتا ہے، So, the time what ever that is there in the Act, we stick to that. So, please, I request the honourable MPA کہ میرے ساتھ اتفاق کریں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: انہوں نے Explain کر دیا۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم! ہو سکتا ہے دس دن میں بھی، میڈم! ہو سکتا ہے-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ کو نلوٹھا صاحب! کچھ، نلوٹھا صاحب! دیکھیں نا، موؤر بول رہی ہے نا۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہماری۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ثوبیہ! پلیز آپ کہیں، پھر میں آپ کو۔ I will come to back to you.

محترمہ ثوبیہ شاہد: اوکے، میڈم۔اس میں یہ ہے کہ اگر دس دن میں بھی مل جائے ان کو تو اچھی بات ہے، حکومت کو فائدہ ہو گا اور اگر تین مہینے بھی ہو جائیں تو یہ بھی ٹھیک ہے، اس میں Two months کا پیریڈ لگانا ٹھیک نہیں رہے گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب! ابھی آپ کہیں، نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! میں منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ، پہلے بھی ایک ایکٹ آیا ہے اور ابھی یہ جو ایکٹ لا رہے ہیں، یہ ایک دوسرے سے کافی چیزیں متصادم ہیں، اگر یہ سلیکٹ کمیٹی میں بھیج دیں تو وہاں پر موؤر بھی بیٹھ جائے اور جو سلیکٹ کمیٹی آپ تشکیل دیں، منسٹر صاحب کی موجودگی میں، تو میرے خیال کے مطابق اگر اس کے اوپر غور کیا جائے اور سب کی رائے آجائے گی تو بہت بہتر ہو گا اور مؤثر ہو گا۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: میڈم سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: منور خان، منور خان۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: یہی میڈم! بار بار ہم سپیکر سے بھی یہی کہہ دیتے کہ جو بھی بل لاتے ہیں، یہ لاء ریفارمز کمیٹی کس چیز کیلئے بنی ہے؟ تاکہ وہاں پر اس قسم کے بل یا امنڈ منٹس جو بھی آجائیں، وہاں پر ڈسکس ہو جائیں یا اس قسم کی اور کوئی سلیکٹ کمیٹی ہے، ان کے پاس بھیجا کریں یا یہاں پر Thoroughly کم از کم ڈسکس تو ہو جائے۔اب یہاں پر سارے بیٹھے ہیں، کسی کے نالج میں نہیں ہے کہ یہ کیا ہے؟ اور بار بار یہ میڈم! بل پاس کر رہے ہیں اور کسی کو پتہ نہیں ہوتا اور پھر اور امنڈ منٹس لا رہے ہیں، Kindly میں ریکویسٹ کروں گا، یہ نہیں، Objection نہیں کر رہے ہیں، اعتراض نہیں کر رہے ہیں، For God sake کہ کم از کم یہ جو آپ کے بیٹھے ہوئے لوگ ہیں، ایم پی ایز ہیں، ان کے نالج میں کم از کم یہ چیز آجائے کہ ہم کس چیز کو Yes اور No کر رہے ہیں۔

سینئر وزیر (صحت): پوائنٹ کردوں، میڈم سپیکر۔

Madam Deputy Speaker: Yes, yes, Shahram Khan, please

جناب سردار حسین: پوائنٹ آف آرڈر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شهرام! پلیز تا سو ته راځم۔

سینئر وزیر (صحت): بابک صاحب! پلیز، پلیز۔ ستاسو دغه دے۔ جی دا Bill پینځه شپږ میاشتې اوشوې چې راغلے دے په اسمبلۍ کښې دے، ټول آنریبل ممبرز ته د هغې دغه شوی دی۔ دا دوئ چې پکښې امنډمنټس راوړی دی، په دې ټول ټائم لیډرلے دے جی، سیلکټ کمیټۍ ته، چې چا کتلی دی، چا پکښې څه امنډمنټ راوړولو، Already پکښې راوړی دی، اوس شپږ میاشتې پس بیا سیلکټ کمیټۍ ته So my request to all the honourable Members is او بل دا دی چې دا PP Act ځان له دے، Health Foundation Act is totally different، ګورنمنټ به چرې هم دا کار نه کوی چې یو بل سره تصادم وی، Although دا Different دے د هیلتھ د پاره، Health Foundation Act is a totally different Bill, that is for the Heath Department only, so هغې کښې هغه ټول څیزونه Cover کیږی So I request the honorable MPA Sahiba to agree with and all the Members, جو ہمارے معزز بھائی ہیں، بہنیں جتنی بھی ہیں کہ اس کو آگے لے جاکر جائیں، پلیز۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب څه اووئیل، Let him say

جناب سردار حسین: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہ جس طرح منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں، منور خان صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے، ہم بھی اسی سے اتفاق اسلئے کرتے ہیں کہ Health Foundation in Private Public Partnership، یہ جو گورنمنٹ کی Initiative ہے، شاید منسٹر صاحب مجھ سے اختلاف نہ کرلیں، اسی وجہ سے کہ ہم نے قوانین بنانے ہیں، منور خان صاحب نے بڑی ٹھیک بات کہی ہے کہ وضاحت ہونی چاہیئے، چھ مہینے پہلے بھی اسی طریقہ کار کے تحت جو بل پاس ہوئے، آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ اخبارات میں اشتہارات آرہے ہیں، ہیلتھ فاؤنڈیشن کے حوالے سے کہ بی ایچ یوز جتنے ہیں، آر ایچ سیز

جتنی ہیں، وہ ٹینڈر ہو رہے ہیں، یہ بورڈ آف گورنرز کو جب ہم دیکھتے ہیں یا مینجنگ ڈائریکٹر کو جب ہم دیکھتے ہیں، ہمیں حکومت کی نیت پر کوئی شک نہیں لیکن یہ معاملہ اور خیبر بینک والا معاملہ کوئی جدا نہیں ہے اور ساتھ ساتھ انرجی اینڈ پاور، انرجی پاور، یعنی یہ تو سوشل سیکٹر ہے، اب میرے خیال میں ہم اگر اختلاف کر بھی لیں تو بھی آپ لوگوں کی عددی اکثریت یہاں پر موجود ہے لیکن بہتر طریقہ یہی ہے کہ اس کی سٹینڈنگ کمیٹی موجود ہے اور اگر آپ میڈم سپیکر! مناسب سمجھیں اس کیلئے ایک سیلکٹ کمیٹی بنائیں، سیلکٹ کمیٹی بنائیں، اسی میں چلے جائیں گے، یہ جو ہم ممبران کی تعداد دیکھ رہے ہیں، یہ تو ایسا لگ رہا ہے کہ جو ہیلتھ ہے، سوشل سیکٹر ہے، یہ تو سارا جا کر پرائیویٹ ہاتھوں میں چلا جائے گا اور پھر ہمیں معلوم نہیں کہ یہ کس مقصد کیلئے ہو رہا ہے، یعنی گورننس کے حوالے سے، ہیلتھ اور ایجوکیشن بھی، اگر ہم ٹھیکے پر دینے لگیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ کسی بھی گورنمنٹ کے گورننس پر سوالیہ نشان ہے، لہذا اس چیز پر Threat دیں ڈسکشن کیلئے یا اگر منسٹر صاحب وضاحت فرمادیں گے، شق بائی شق اس کی وضاحت کر دیں تو میرے خیال میں سارے ہاؤس کے ممبران جو ہیں On board ہو جائیں گے لیکن بہتر طریقہ یہی ہے، بہتر طریقہ ہے یہ پی پی پی کی شکل میں ہیلتھ فاؤنڈیشن کی شکل میں یہ تو تمام ہسپتال جا کر پرائیویٹ سیکٹر میں جا رہے ہیں، میں اسی ڈیٹیل میں اگر جاؤں گا تو پھر میرے وزراء صاحبان خفا ہوں گے، لہذا میں اسی پر ختم کرتا ہوں اور یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر اسی امنڈ منٹس کو ہم نے پاس کرنا ہے یا فیل کرنا ہے، آج کرنا ہے، دس دن کے بعد کر لیتے ہیں، پندرہ دن کے بعد کر لیتے ہیں اور اس پر کوئی ایمرجنسی نہیں ہے، کوئی ایمرجنسی نہیں ہے، اگر ہم سارے اس پر مل بیٹھ کر، میرے خیال میں ڈسکشن کر لیں تو زیادہ موزوں رہے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شہرام۔

سینیئر وزیر (صحت): جی، بابک صاحب نے بات کی، میں دو چیزیں کلیئر کر دوں، ایک تو یہ ہے کہ اگر پانچ چھ مہینے میں یا سات مہینے میں میرے آنریبل جتنے بھی ممبرز ہیں، اس ہاؤس کے، Irrespective of that کہ اپوزیشن ہے، حکومت ہے، کیونکہ اس میں ایک معراج ہمایون بی بی ہے جو کہ حکومت کی سائڈ پر ہے، ثوبیہ بی بی جو اپوزیشن کی سائڈ پر ہے، دونوں نے امنڈ منٹس کیں، اگر آنریبل ممبرز اس کو پڑھ لیتے، اس میں اپنا Interest show کر لیتے اور اس میں امنڈ منٹس لے آتے یا اگر ڈسکشن کی ضرورت ہوتی، کہہ

دیتے تو ٹھیک ہوتا، اب چھ سات مہینے بعد آج پھر سیلکٹ کی بات، تو حکومت کو، ایک تو یہ ہے کہ کوئی چیز کہیں پر نہیں جارہی ہے، ہر چیز اپنی جگہ پر ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا جو Concept ہے، یہ ہسپتالوں میں جو Diagnostic services ہیں، سی ٹی سکین ہو گیا، ایم آر آئی ہو گیا باقی چیزیں، وہ بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تھرو بہتر سروسز کیلئے، جتنے بھی ممبرز ہیں وہ کہتے ہیں، ہاسپٹلز میں لگائے جاتے ہیں جو بہتر طریقے سے فنکشن کرتے ہیں یا باقی جو Activities ہوتی ہیں تو I request every one and Madam Speaker! اس کو آج ہی کلیئر کرنا ہے، آنریبل ایم پی اے صاحبہ جو ہیں، اگر وہ میرے ساتھ Agree ہیں تو Fair enough, otherwise ان کی امنڈمنٹس کو میں سپورٹ نہیں کرتا، تو ووٹنگ پر چلے جاتے ہیں۔

جناب سردار حسین: یہ ہاؤس کی پراپرٹی ہے، مجھے ایک منٹ ضرور دیں، دیکھیں میں نے وضاحت کی کہ ہمیں حکومت کی نیت پر شک نہیں ہے لیکن میں ایک مثال دینا چاہتا ہوں کہ حکومت احتساب کمیشن میں آرڈیننس لے آئے، اسی آرڈیننس کو دو تاریخ کو دوبارہ Withdraw کر دیا تو میں یہی کہتا ہوں، Holistically کہ جو طریقہ کار ہے، جو طریقہ واردات ہے، قانون سازی کا، وہ مناسب نہیں ہے۔ اب کس کس چیز کی یہ لوگ وضاحت کریں گے، لہذا میں ریکویسٹ کرتا ہوں، میں منسٹر ہیلتھ سے یہی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ بہتر یہی ہے کہ ہم اس پر بیٹھ جائیں گے، اچھی Suggestions آجائیں گی، یہ سارے ممبران جو ہیں، وہ آگاہ ہو جائیں گے اور میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اتنی بڑی ایمرجنسی ہے، اتنی بڑی ایمرجنسی اور یہ ہماری اسمبلی کی کارروائی پہ سوالیہ نشان ضرور ہو گا یالاء کے سٹوڈنٹس بیٹھیں ہیں، یہاں پہ بڑے بڑے آفیسرز بیٹھیں ہیں، یعنی یہ جو تین سال سے ایک پریکٹس چلا آتا رہا ہے تین سال سے، یہاں پہ قوانین پاس ہوتے ہیں، ایک ہفتے کے بعد دوبارہ ان میں ترامیم آجاتے ہیں، میں اسی خاطر کہتا ہوں کہ ان چیزوں پہ ذرا بیٹھنا چاہیئے، اس کو ڈسکس کرنا چاہیئے، اس کو سول سوسائٹی کے سامنے اوپن کرنا چاہیئے، میڈیا کے سامنے اوپن کرنا چاہیئے، قوانین تو ہم سارے صوبے کیلئے بنارہے ہیں اور مجھے نہیں پتہ کہ ان لوگوں کو اتنی جلدی کیا ہے؟ تو لہذا میں ریکویسٹ دوبارہ کرتا ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شہرام خان، سوری، شاہ فرمان خان!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ کو تو ٹائم مل گیا، اب شاہ صاحب، شاہ فرمان! پریبردہ بیا خفا کیبری چی ورکړو تائم، خہCarry on۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحبہ! ہم بالکل منسٹر صاحب، ہم سپیکر صاحبہ! حکومت کی بالخصوص قانون سازی میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔ ہم کوئی رکاوٹ حکومت کے آگے نہیں ڈالنا چاہتے ہیں، نہ ہی منسٹر صاحب! کوئی اپنی ذات کیلئے یہ بل لائے ہیں لیکن صوبے کے عوام کیلئے یہاں پہ ہم کوئی قانون پاس کرتے ہیں تو پورے صوبے کے عوام کیلئے کرتے ہیں اور جلدی میں ایسی چیزیں جس طرح بابک صاحب نے کہا، دو تین دفعہ اس طرح کے Incidents ہوئے کہ خود حکومت کو ان چیزوں میں بعد میں دوبارہ امنڈ منٹس لانا پڑیں، تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ بالکل بل پاس کرلیں گے لیکن سیلکٹ کمیٹی میں چلا جائے، وہاں پہ سب کی مشاورت اور رائے آجائے، پھر اس کے بعد جو بھی فیصلہ۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان خان!

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ میڈم سپیکر۔ میں ہاؤس سے یہ ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ ایک اس حکومت پر Especifically eighteenth amendment کے بعد جو Concurrent list ختم ہوئی اور صرف فیڈرل رہ گئی اور باقی جو صوبوں کے پاس اختیار آگیا تو اس کیلئے قانون سازی ضروری تھی اور ضروری ہے، تو ایک تو ہم نے ریکارڈ قانون سازی کی، دوسرا، نلوٹھا صاحب نے کہا ہے کہ ہم مدد کرنا چاہتے ہیں، یہ واقعی میں یہ نہیں کہتا کہ کوئی بہت زیادہ Twenty four hours sleepless ہیں، کوئی دو گھنٹے نیند کر رہے ہیں، باقی کام کر رہے ہیں لیکن جو اپوزیشن کے آنریبل ممبرز ہیں، اگر نلوٹھا صاحب نے جو بات کہی ہے، وہ یہ کہ بالکل یہ اس میں مدد کریں لیکن یہ کہاں کی مدد ہے کہ ایک بل ٹیبل ہو گیا ہے، 18th amendment کے نتیجے میں اس اسمبلی کے اوپر ایک بھاری ذمہ داری ہے کہ وہ ساری قانون سازی پوری کی جائے جو اختیارات ملے ہیں صوبے کو تبھی یہ صوبہ بااختیار ہوگا، تو ایک طرف تو لیجسلیشن کا ایک انبار ہے میڈم سپیکر! اور دوسری طرف پانچ چھ مہینے ایک بل پڑا رہتا ہے، ٹیبل ہوا ہوتا ہے اور اس کے اوپر اس وقت دھیان آجاتا ہے ان آنریبل ممبرز کو، جب پاس کرلیتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ میں تو آنریبل

ہیلتھ منسٹر صاحب کو کہ اتنی ضروری لیجسلیشن پانچ چھ مہینے بھی لیٹ نہیں کرنی چاہیئے، تو یہ Under the circumstances پہلی دفعہ اس گورنمنٹ کے اوپر 18th amendment کے بعد سے جو ذمہ داری عائد ہوتی ہے تو جو لیجسلیشن کا پریشر ہے، وہ بھی آپ سمجھیں جو لیجسلیشن کی ذمہ داری ہے جو اس حکومت نے اس ہاؤس نے پوری کرنی ہے، وہ بھی آپ سمجھیں، حکومت کے اوپر حکومت چلانے کی بھی ذمہ داری ہوتی ہے، لہذا اپوزیشن ممبران کو لیجسلیشن میں Help کرنا ہوتی ہے لیکن اگر ایک بل کے اوپر میڈم سپیکر! چھ سات مہینے بھی اگر کوئی Response نہ دے اور آج بحث برائے بحث ہو، تو اسلئے میری یہ ریکویسٹ ہے کہ بغیر کسی Delay کے Put it to vote میڈم سپیکر! کیونکہ حکومت نے اپنی ذمہ داری پوری کرنی ہے، یہ ہمارے اوپر ایک ذمہ داری ہے اور ہم اگر اس کو Delay کریں گے، ایک بابک صاحب نے بات کی، یہ چونکہ احتساب کمیشن پہلی دفعہ قانون بنا، یہ کوئی قانون کے اندر امنڈمنٹ نہیں تھی، پہلی دفعہ ایک قانون آیا، اس قانون کو، جو بھی قانون آپ Constitutional history of the world پڑھ لیں، جو بھی قانون پہلی دفعہ Implement ہوتا ہے، وہ اس کے اندر کوئی چیزیں نظر آجاتی ہیں لیکن چونکہ اس قانون کے اندر Conflict of interest کا بھی عنصر ہے کیونکہ اس قانون کے تحت اسمبلی ممبران اور منسٹرز کے خلاف ایکشن بھی لیا جاسکتا ہے، لہذا اس کے اوپر ہم نے جو Deliberation اور جو وعدہ کیا تھا کہ بل آئے گا، آرڈی ننس صرف Continuity تھا، بل آئے گا، آج بل آگیا، اس کے اوپر ہم اپوزیشن سے، سارے ممبران سے Written response لیں گے اور ان کی مشاورت سے ان شاءاللہ بات کریں گے لیکن میڈم سپیکر! میری یہ ریکویسٹ ہے کہ بحث کئے بغیر چونکہ ہیلتھ، ایجوکیشن وہ پرائمری سیکٹرز ہیں جن کو حکومت Ignore نہیں کر سکتی ہے، I want this to put it to vote.

Madam Deputy Speaker: Yeh, my legal experts are telling me that technical point is under rule 82, motion for consideration has been carried; now it can not be referred to Select Committee, rule 83 is very much clear but even then Shahram! If you want to put it for voting, you can.

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین نے جناب سردار حسین بابک، جناب اورنگزیب نلوٹھا اور جناب رشاد خان نے کورم کی نشاندہی کی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کورم، اوکے، کاؤنٹ ڈاؤن پلیز، کاؤنٹ کریں کورم کو، یہ کورم تو کمپلیٹ نہیں ہے، کچھ تو ابھی گئے ہیں We have seen them but anyway, this is their right.

جناب مشتاق احمد غنی: میڈم سپیکر! دومنٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں، ہو سکتا ہے کورم پورا ہو جائے۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Bell بجائی جائے۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ہاں Bell، یہ گھنٹی، For two minutes, bell ذرا کریں، بالکل Bell دو منٹس کیلئے Bell بجائیں ذرا۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Madam Deputy Speaker: The Quorum is incomplete, 29 people are here, so I am going to read the order.

(Pandemonium)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، مشتاق غنی! مشتاق غنی کا مائیک آن کر دیں۔

(شور)

Madam Deputy Speaker: Okay, my legal experts are telling me that the quorum is not complete, so:

"In exercise of the power conferred by Clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Iqbal Jhagra, Governor of the Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly shall stand prorogued on Friday, 6th May 2016 after conclusion of its business fixed for the day, till such date as may hereafter be fixed". Thank you.

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)